This Question Paper consists of **27** questions [Section-**A** (17)+Section-**B** (5+5) and **7** printed pages.

اس سوالنامہ میں کل 27 سوالات [حصّہ (الف) میں (17)+حصّہ (ب) میں (5+5)] اور 7 چھپے اوراق ہیں۔

**Roll No.**
رول نمبر

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | | | | |

**Code No.** **62/SS/N/UR**
کوڈ نمبر

# URDU

# اُردو

# (306-U)

**Set** **A**

**Day and Date of Examination :** ____________________
امتحان کا دن اور تاریخ

**Signature of Invigilators :** **1.** ____________________
نگران کار کے دستخط

**2.** ____________________

**General Instructions :**

1. Candidate must write his/her Roll Number on the first page of the Question Paper.
2. Please check the Question Paper to verify that the total pages and total number of questions contained in the Question Paper are the same as those printed on the top of the first page. Also check to see that the questions are in sequential order.
3. Making any identification mark in the Answer-Book or writing Roll Number anywhere other than the specified places will lead to disqualification of the candidate.
4. Write your Question Paper Code No. **62/SS/N/UR-A** on the Answer-Book.

**ہدایات :**

.1 طالب علم کو سوال نامے کے پہلے صفحہ پر اپنا رول نمبر لکھنا ضروری ہے۔

.2 مہربانی کر کے اپنے سوالنامے کو جانچ لیجیے کہ تمام صفحات اور سوالات کی اتنی ہی تعداد ہے جتنی پہلے صفحہ کے سب سے اوپر چھپی ہے۔ اس بات کی بھی جانچ کر لیجیے کہ سوالات سیریز میں ہیں۔

.3 طالب علم جواب کی کاپی میں اپنے رول نمبر کے علاوہ اگر کوئی پہچان کا نشان یا کوئی ہدایت لکھتا ہے تو اسے امتحان سے خارج کر دیا جائے گا۔

.4 اپنے جواب کی کاپی پر سوالنامے کا کوڈ نمبر **62/SS/N/UR, Set-A** لکھیئے۔



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

# URDU

# اُردو

# (306-U)

Time : **3** Hours ] [ Maximum Marks : **100**

وقت : **3** گھنٹے ] [ کل مارکس : **100**

---

**Note :**

(i) This Question Paper consists of **two** Sections, viz., **'A'** and **'B'**.

(ii) **All** questions from Section **'A'** are to be attempted.

(iii) Section **'B'** has two options. Candidates are required to attempt questions from one option only.

**نوٹ :**

(i) یہ پرچہ دو حصّوں پر مشتمل ہے __________ حصّہ (الف) اور حصّہ (ب)۔

(ii) حصّہ (الف) کے تمام سوالات لازمی ہیں۔

(iii) حصّہ (ب) میں دو اختیاری (Option) سوالات ہیں۔ آپ کو ان میں سے کسی ایک Option کا جواب دینا ہے۔

---

## SECTION - A

## حصہ (الف)

**1.** درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھئے اور نیچے دیئے ہوئے سوالات کے جواب لکھئے۔ **6**

ہلکو تھوڑی دیر تک چُپ چاپ کھڑا رہا اور اپنے دل میں سوچتا رہا! پوس سر پر آگیا ہے۔ بغیر کمبل کے رات کو وہ کسی طرح کھیت پر نہیں سوسکتا۔ مگر شہنا مانے گا نہیں۔ وہ گھڑکیاں دے گا۔ گالیاں سنائے گا۔ بلا سے جاڑے میں مریں گے، یہ بلا تو سر سے ٹل جائے گی۔ یہ سوچتا ہوا وہ اپنا بھاری جسم لیے ہوئے جو اس کے نام کو غلط ثابت کرتا تھا، اپنی بیوی کے پاس گیا اور خوشامدانہ لہجے میں بولا لا دے دے۔ گردن تو کسی طرح بچے۔ کمبل کے لئے کوئی تدبیر سوچوں گا۔ منی اس کے پاس سے دور ہٹ گئی۔ اور آنکھیں ٹیڑھی کر کے بولی: کر چکے دوسری تدبیر۔ ذرا سنوں کون سی تدبیر کرو گے ؟ کوئی کمبل خیرات میں دے دے گا۔ نہ جانے کتنا روپیہ باقی ہے جو کسی طرح ادا ہی نہیں ہوتا۔ میں کہتی ہوں تم کھیتی کیوں نیں دیتے مر مر کر کام کرو۔ پیداوار ہو تو اس سے باقی ادا کرو۔ چلو چھٹی ہوئی۔ باقی چکانے کے لئے ہی تو ہمارا جنم ہوا ہے۔ ایسی کھیتی سے باز آئے میں روپے نہ دوں گی۔ نہ دوں گی۔

(a) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے ؟ اور اسکے مصنف کا نام لکھیے۔

(b) انڈر لائن جملوں کے معنے واضح کریئے۔

(c) ہلکو اپنے دل میں کیا سوچ رہا تھا ؟

(d) ”میں کہتی ہوں، تم کھیتی کیوں نہیں چھوڑ دیتے“ یہ جملہ کس نے کہا ؟

یا



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

میں نے بھولے کو مٹھائی کے لالچ سے منا لیا، اور چند ہی لمحات میں بھولا بابا جی کا بن گیا۔ اور میری گود میں آ گیا۔ اور اپنی ننھی ٹانگوں کے گرد میرے جسم سے لپٹے ہوئے کمبل کو لپٹنے لگا۔ مایا ہری برا ستوتر پڑھ رہی تھی۔ پھر اس نے پاؤ بھر مکھن نکالا اور اسے کوزے میں ڈال کر پانی سے چھاچھ کی کھٹاس کو دھو ڈالا۔ اب مایا نے اپنے بھائی کے لئے سیر کے قریب مکھن تیار کر لیا تھا۔ میں بہن بھائی کے پیار کے اس جذبے پر دل ہی دل میں خوش ہو رہا تھا، اتنا خوش کہ میری آنکھوں سے آنسو ٹپک پڑے۔ میں نے دل میں کہا : عورت کا دل محبت کا ایک سمندر ہوتا ہے۔ ماں باپ، بھائی بہن، خاوند بچے، سب سے وہ بہت ہی پیار کرتی ہے اور اتنا کرنے پر بھی وہ ختم نہیں ہوتا۔ ایک دل کے ہوتے ہوئے بھی وہ سب کو اپنا دل دے دیتی ہے۔ بھولے نے دونوں ہاتھ میرے گالوں کی جھریوں پر رکھے، مایا کی طرف سے چہرے کو ہٹا کر اپنی طرف کر لیا۔

(a) بابا جی نے بھولے کو کس چیز کی لالچ دیکر منایا ؟

(b) مایا نے اپنے بھائی کے لئے مکھن کیسے صاف کیا ؟

(c) اس سبق کا عنوان بتایئے اور مصنف کا نام لکھیے۔

(d) ''عورت کا دل محبت کا ایک سمندر ہوتا ہے۔'' یہ لائن کس نے کس کے لئے کہی ؟

2. درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھیے : 6

(a) ڈرامہ ''دروازے کھول دو'' کا مرکزی خیال کیا ہے ؟

(b) اس کہانی کا نام ''پوس کی رات'' کیوں رکھا گیا ہے ؟

(c) برج بانو کہاں سے اور کس کے ساتھ آئی ؟

(d) داستان ''طوطا کہانی'' کے مصنف کا نام لکھیے۔

(e) بھولا کے ماموں نے دیر سے آنے کی کیا وجہ بتائی ؟

(f) ہلکو کس کہانی کا کردار ہے ؟

3. عصمت چغتائی کے افسانے عوام کے درمیان موضوع گفتگو بنے رہے۔ کیوں ؟ 4

4. ''پوس کی رات'' یا ''برج بانو'' میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھیے۔ 4



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

5 .5 خواجہ حسن نظامی یا سرسید احمد خاں کے حالات زندگی تحریر کرتے ہوئے ان کے اسلوب بیان پر روشنی ڈالئے۔

4 .6 سبق ''امید کی خوشی'' میں مصنف نے کس چیز کی اہمیت پر روشنی ڈالی ہے ؟ اپنے خیالات لکھیے۔

4 .7 ناول یا افسانے میں سے کسی ایک کی تعریف لکھیے اور ناول اور افسانے لکھنے والے دو دو مصنفین کے نام لکھیے۔

10 .8 درجہ ذیل میں سے کسی ایک موضوع پر مضمون لکھیے جو کم سے کم تین سو الفاظ پر مشتمل ہو۔

(a) کوئی تہوار یا کھیل

(b) مثالی استاد

(c) مادری زبان میں تعلیم کی اہمیت

(d) حُب الوطنی

6 .9 درج ذیل میں سے کسی ایک حصے کا مطلب معہ شاعر کے حوالے کے لکھیے :

روشن جمالِ یار سے ہے انجمن تمام ـ دہکا ہوا ہے آتشِ گل سے چمن تمام
اللہ رے جسم یار کی خوبی کہ خود بہ خود ـ رنگینیوں میں ڈوب گیا پیرہن تمام

یا

جائے عبرت سرائے فانی
موردِ مرگ نوجوانی
اونچے اونچے مکاں تھے جن کے
آج وہ تنگ گور میں ہیں پڑے
گل جہاں پُرشگوفہ وگل تھے
آج دیکھا تو خار بالکل تھے



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

**.10** درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب دیجیے : **6**

(a) صنعتِ تلمیح کسے کہتے ہیں ؟ معہ مثال لکھیے۔

(b) مرثیہ کے اجزائے ترکیبی کیا کیا ہے ؟

(c) خدائے سخن کس شاعر کو کہا جاتا ہے ؟

(d) کنایہ کے کیا معنی ہیں ؟

**.11** سابقہ کسے کہتے ہیں ؟ 'خوش' سابقہ لگا کر چار مرکب الفاظ بنائیے۔ **4**

**.12** ذیل میں دیئے گئے محاوروں میں سے پانچ محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے : **5**

(a) طول پکڑنا

(b) نو دو گیارہ ہونا

(c) تھالی کا بینگن ہونا

(d) چھکے چھوٹنا

(e) ناکوں چنے چبانا

(f) ٹھنڈی سانس لینا



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

13. ''میر تقی میرؔ اردو غزل کے 'شہنشاہِ تغزل' ہیں''۔ اس قول کی وضاحت کیجیے۔ 4

14. مومن خان مومنؔ یا اسد اللہ خاں غالبؔ کی شعری خصوصیات بتاتے ہوئے ان کے اندازِ بیان کے بارے میں اپنی رائے لکھیے۔ 5

15. مرثیہ کی تعریف بیان کریئے اور تین مرثیہ گو شعراء کے نام لکھیے۔ 4

16. قطعہ اور رباعی کا فرق معہ مثال لکھیے۔ 4

17. تشبیہ کسے کہتے ہیں ؟ تشبیہ کی تعریف کرتے ہوئے مثال بھی دیجیے۔ 4

## SECTION - B

## حصہ (ب)

## OPTION - I

## اختیاری۔I

18. کِسی تقریب کی مختصر رپورٹ لکھیے۔ 4

19. کِسی اخبار یا رسالے میں اداریے کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔ 4

20. خبر کیا ہوتی ہے ؟ 2

21. سرخیاں کیسی ہونی چاہیے ؟ 2

22. ایک اچھی رپورٹ کی تین خوبیاں لکھیے۔ 3



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

## OPTION - II

## اختیاری۔ II

18. M.S. آفس کیا ہے ؟ اس میں شامل ضمنی پروگراموں کے نام لکھیے۔ 3

19. طے شدہ اور غیر طے شدہ خبروں سے آپ کیا سمجھتے ہیں ؟ 3

20. ایک انٹرویو سے آپ کیا سمجھتے ہیں ؟ اچھے انٹرویو میں کیا کیا خوبیاں ہونی چاہئیں ؟ 3

21. فیچر سے کیا مراد ہے ؟ فیچر لکھتے وقت کن کن باتوں کا خیال رکھنا چاہئے ؟ 3

22. الیکٹرانک میڈیا میں اردو کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔ 3

- o 0 o -



Unnati Educations
9899436384, 9654279279